2025-03-25

Hrs 08.30

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں　　　　　　　شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

-1　کوئلے کی وزارت آج نئی دلّی میں تجارتی کوئلہ کانوں کی بارہویں قسط کی نیلامی کا آغاز کرے گی۔

-2　خواتین سے متعلق قومی کمیشن ملک کے ہر ضلعے میں شادی سے پہلے کے صلاح و مشورے کے مرکز قائم کرے گا۔

-3　بہار کے NDA ممبرانِ پارلیمنٹ نے ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات پر تبادلۂ خیال کرنے کے لیے نئی دلّی میں میٹنگ کی۔

-4　وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور چین 2020 کی گلوان وادی جھڑپوں کے سبب خراب ہوئے تعلقات کو بحال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

-5　بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج جموں و کشمیر میں شدید بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور پنجاب میں بھی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

-6　اور کھیلو انڈیا پیراگیمز 2025 آج شام نئی دلّی میں ایک شاندار تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوں گے۔

اب خبریں

تفصیل سے۔

Coal Auction

کوئلے کی وزارت آج نئی دلّی میں تجارتی کوئلہ کانوں کی بارہویں قسط کی نیلامی کا آغاز کرے گی۔ پیش کردہ کانوں میں سے 13 مکمل طور پر دریافت شدہ، جبکہ 12 جزوی طور پر دریافت شدہ ہیں، جو فوری اور مستقبل کی ترقی کے لیے مواقع فراہم کر رہی ہیں۔

12 ویں قسط کی تجارتی کوئلہ کانوں کی نیلامی کا مقصد گھریلو اور بین الاقوامی سرمایہ کاروں کی نمایاں دلچسپی کو راغب کرنا ہے، جس سے بھارت کے توانائی اور صنعتی ترقی میں خود کفالت کے عزم کو مزید استحکام حاصل ہوتا ہے۔ ×

Bihar NCW

خواتین کے قومی کمیشن، NCW نے کہا ہے کہ وہ ملک کے ہر ضلعے میں شادی سے پہلے کے کونسلنگ مراکز شروع کرے گا۔ پٹنہ میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے NCW کی چیئرپرسن وجیہ راہٹکر نے کہا کہ اِس سال کے خواتین کے بین الاقوامی دن کے موقعے پر کمیشن کی جانب سے یہ نئی پہل کی جا رہی ہے۔ انھوں نے بتایا کہ اب تک 11 ریاستوں میں اِس طرح کے 13 مراکز کھولے جا چکے ہیں۔ محترمہ راہٹکر نے مزید کہا کہ یہ مراکز، سرکاری زمینوں پر کھولے جائیں گے اور ضلع یا میونسپل ادارے اِن کا کام کاج دیکھیں گے۔

محترمہ راہٹکر نے کہا کہ Pre Marital مراکز اُن جوڑوں کے لیے مددگار ثابت ہوں گے جو شادی کے بندھن میں بندھنے جا رہے ہیں۔

چیئر پرسن نے کہا کہ یہ مراکز شادی کی سماجی نفسیات اور اِس کے مختلف پہلوؤں کو سمجھنے میں جوڑوں کی مدد کریں گے۔ محترمہ راہٹکر نے مزید کہا کہ ایسے میں جب متحدہ خاندان ٹوٹ کر علیحدہ خاندانوں میں بکھر رہے ہیں، شادی شدہ زندگی میں بڑھتے تنازعات، طلاق کے واقعات اور ناکام شادیاں تشویش کی وجہ ہیں۔x

S/B Vijaya Rahatkar / NCW Bihar

Bihar NDA Meet

بہار کے NDA رہنماؤں نے کل نئی دلّی میں BJP کے رکن پارلیمنٹ سنجے جیسوال کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ اس میٹنگ میں بہار بی جے پی کے ممبرانِ پارلیمنٹ کے ساتھ ساتھ BJP کے صدر جے پی نڈّا، JDU، LJP (رام وِلاس)، ہندوستان عوام مورچہ (سیکولر) اور راشٹریہ لوک مورچہ کے سینئر رہنماؤں نے شرکت کی۔ یہ میٹنگ، اس سال کے آخر میں ہونے والے بہار اسمبلی انتخابات سے قبل منعقد ہوئی ہے اور اس میٹنگ کا مقصد ریاست میں اتحادی شرکاء کے ساتھ تال میل کو بہتر بنانا ہے۔

بعد میں ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر LJP(R) چیف چراغ پاسوان نے کہا کہ مذکورہ میٹنگ میں آئندہ بہار اسمبلی انتخابات کے لیے حکمتِ عملی پر تبادلہئ خیال کیا گیا۔

بی جے پی کے مرکزی وزیر گری راج سنگھ، JDU کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ، HAM کے مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی اور RLM کے چیف اوپیندر کُشواہا نے بھی میٹنگ میں شرکت کی۔x

MCA Webinar

کارپوریٹ امور کی وزارت، PM انٹرن شپ اسکیم کے لیے آج امیدواروں کا ورچوئل وسیلے سے Open House کرے گی۔ اپنے پچھلے سیشنز کی کامیابی کے بعد اِس طرح کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اِس دوران بات چیت کے ذریعے امیدواروں کو اہم سوالوں کے جواب اور قیمتی معلومات فراہم کی جائیں گی۔

ماہرین کا پینل جس میں MCA کے سینئر افسران، پالیسی اور عمل آوری کی پروجیکٹ مینجمنٹ ٹیم اور تکنیکی ماہرین شامل ہوں گے، مِل کر امیدواروں کے سوالوں کے جواب دیں گے۔ ہفتہ واری بنیادی پر منعقد ہونے والے یہ Open Houses، درخواستیں پیش کرنے کے عمل سے گزر رہے امیدواروں کے لیے اہم Touch پوائنٹ کے طور پر کام کریں گے۔x

EAM Asia Society

وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور چین اپنے روابط کو ازسر نو قائم کرنے کی کوششیں کر رہے ہیں جسے 2020 میں گولان وادی میں ہوئے ٹکراؤ کی وجہ سے نقصان پہنچا تھا۔ انھوں نے کہا کہ تعلقات میں کشیدگی سے دونوں میں سے کسی کا بھلا نہیں ہوگا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے کہاکہ اختلافات تنازعات میں اور مسابقت ٹکراؤ میں تبدیل نہیں ہونے چاہئیں۔ انھوں نے یہ تبصرہ نئی دلی میں ایشیا سوسائٹی کے صدر اورچیف ایگزیکیوٹو افسر Dr.Kyung Whakang کے ساتھ بات چیت میں بھارت - چین تعلقات پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا۔ ڈاکٹر جے شنکر نے زور دے کر کہا کہ پچھلے سال اکتوبر سے دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں کچھ بہتری دیکھنے میں آئی ہے۔ دونوں ممالک اپنے رابطوں کے مختلف پہلوؤں پر کام کر رہے ہیں۔

انھوں نے کہا کہ بھارت اور چین بہت سے معاملات میں ایک دوسرے سے مسابقت کرتے ہیں لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ دونوں ملکوں کے درمیان تصادم ہو۔

انھوں نے امریکی موقف میں تبدیلی اور چین کے ابھرنے کے ساتھ بنیادی تبدیلی کی طرف بھی اشارہ کیا۔

Trump Auto Tariffs

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے، امریکہ میں داخل ہونے والی تمام درآمد شدہ گاڑیوں پر 25 فیصد محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ یہ نئے درآمدی ٹیکس 2 اپریل سے نافذ ہوں گے۔ اسی تاریخ کو وہ اُن ممالک پر جوابی محصول عائد کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں، جو امریکہ کے تجارتی خسارے کی بڑی وجہ ہیں۔ وسیع پیمانے پر نافذ کیے جانے والے اس اقدام کا مقصد کار بنانے والی کمپنیوں کو امریکہ کی سرحدوں کے اندر مزید پیداواری سہولیات قائم کرنے کی ترغیب دینا ہے۔

S/B Trump Tariff

یہ اعلان، یوروپی ممالک جاپان اور جنوبی کوریا سمیت کلیدی آٹوموٹیو مینوفیکچرنگ کے ممالک کے ساتھ تجارتی کشیدگی کو بڑھانے کی دھمکی ہے۔ یوروپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے اس اقدام کو کاروباریوں کے لیے نقصان دہ اور صارفین کے لیے بدترین قرار دیا ہے، جبکہ کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے اسے کینیڈا کی کارکنوں پر براہِ راست حملہ قرار دیا ہے۔

یہ محصولات گاڑیوں کی قیمتوں میں ہزاروں ڈالر تک کا اضافہ کر سکتے ہیں، جس سے صارفین پر مزید دباؤ بڑھے گا۔ جناب ٹرمپ پہلے Fentanyl کی پیداورار میں اُس کے رول کے لیے چین کی تمام درآمدات پر پہلے ہی 20 فیصد ٹیکس عائد کر چکے ہیں۔ اسی طرح انہوں نے میکسیکو اور کینیڈا پر 25 فیصد محصول عائد کیے ہیں، جبکہ کینیڈا کی توانائی سے متعلق مصنوعات پر محصولات کو 10 فیصد کم رکھا ہے۔ صدر نے اسٹیل اور المونیم کی تمام درآمدات پر بھی 25 فیصد محصول عائد کیے ہیں۔×

Jaishankar US Trade

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ تجارت کے معاملے پر بے حد سرگرم اورجامع مذاکرات میں مصروف ہیں۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ نئی دلی، امریکہ کے ساتھ اپنے توانائی تعلقات کو تقویت دینے کا خواہاں ہے اور اِس بات کو یقینی بنا رہا ہے کہ ایک مستحکم، واجبی اور قابل پیش گوئی توانائی کا نظام ترتیب دیا جا سکے، جو بھارت کی طویل مدتی نمو اور ترقی کے لیے بیحد اہم ہے۔ جناب جے شنکر نے تجارت پر کہا کہ انھوں نے بے حد کھلے ماحول میں گفتگو کی ہے اور یہ وزیراعظم نریندر مودی اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان ہوئی بات چیت کا نتیجہ ہے۔

امریکہ کے ساتھ اسٹریٹیجک تعلقات کے بارے میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ نئی دلی، ٹرمپ انتظامیہ کے تحت اور زیادہ جامع اور اعلیٰ معیاری دفاعی تعلقات کے لیے پُرامید ہے۔

انھوں نے یوروپی یونین اور برطانیہ کے ساتھ بھارت کے علیحدہ آزادانہ تجارتی معاہدوں پر جاری بات چیت پر بھی اظہارِ خیال کیا۔ جناب جے شنکر نے مزید کہا کہ یہ معاہدے بیحد اہم اور کافی دور اندیش ہیں۔x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

.Maha Public Health Dept

مہاراشٹرمیں کل ممبئی کے ودھان بھون میں وزیراعلیٰ دیویندر فڈنویس کی صدارت میں ریاست کے عوامی صحت کے محکمے سے متعلق جائزہ میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اس جائزہ میٹنگ میں طبی تعلیم کے وزیر حسن مشرف، عوامی صحت کے وزیر پرکاش Abitkar، صحت کی وزیر مملکت میگھنا بورڈیکر اور چیف سکریٹری سُجاتا سونک نے شرکت کی۔

اس دوران وزیراعلیٰ نے ہدایت دی کہ ریاست کے عوام کی پانچ کلومیٹر کے دائرے میں ہی معیاری طبی خدمات تک رسائی ہونی چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ زیادہ سے زیادہ صحت دیکھ بھال اسکیمیں اور خدمات آئن لائن طرز پر دستیاب ہونی چاہیے اور اس مقصد کے حصول

کے لیے انھوں نے عوامی صحت کے بنیادی ڈھانچے سے متعلق کارپوریشن کے قیام کے لیے تجویز پیش کرنے کی ہدایت دی۔ ساتھ ہی وزیراعلیٰ پھڑ نویس نے یہ بھی کہا کہ صحت کے شعبے میں جدید بنیاد ڈھانچہ تیار کیا جائے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

Telengana SIT Betting Aps

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ اے ریونت ریڈّی نے Rummy سمیت سٹہ بازی سے تعلق آن لائن ایپس سے متعلق معاملات کی جانچ کے لیے ایک خصوصی تحقیقاتی ٹیم، SIT مقرر کرنے کے منصوبے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے یہ اعلان اسمبلی میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ضرورت پڑی تو اس لعنت کو روکنے کے مقصد سے بنائے گئے موجودہ قانون میں ترمیم کی جائے گی اور اس مسئلے کو حل کرنے کے لیے جامع اقدام کیے جائیں گے، جو کہ بہت سے معصوم لوگوں کی زندگیاں برباد کر رہا ہے۔×

Rev. IMD Weather

بھارتی محکمہٴ موسمیات IMD نے آج جموں و کشمیر میں موسلا دھار بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور پنجاب کے کچھ حصوں میں بھی آج گرج چمک کے ساتھ شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔ لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پڈّوچیری اور کرائکل میں آج ہلکی سے اوسط بارش ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کل اور ہفتے کے روز اروناچل پردیش میں بھی شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMDکی سائنسداں ڈاکٹر سوما سین رائے نے بتایا ہے کہ اگلے تین روز کے دوران تمل ناڈو، پڈّوچیری، ساحلی آندھراپردیش اور یانم کے دوردراز کے علاقوں میں گرمی اور اُمس کا موسم رہے گا۔

S/B - Soma Sen

IMD کے مطابق شمال مغربی بھارت کے میدانی علاقوں میں اگلے دو روز کے دوران زیادہ سے زیادہ درجہٴ حرارت میں بتدریج 2 سے 3 ڈگری سیلسیس کا اضافہ ہونے اور اس کے بعد 3 سے 5 ڈگری سیلسیس تک کمی ہونے کا بھی امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے اُڈیشہ میں ہفتے اور اتوار کو شدید گرمی رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔×

Defence Expeditions

دفاعی امور کے وزیر مملکت سنجے سیٹھ نے کل  نئی دلی میں ساؤتھ بلاک سے ماؤنٹ کنچن جنگھا اور ماؤنٹ ایوریسٹ کے لیے مشترکہExpeditionsکو جھنڈی دکھاکر روانہ کیا۔ اس موقع پر جناب سیٹھ نے کہا کہ یہ مشن محض دنیا کی سب سے اونچی چوٹی پر

پہنچنے کے بارے میں نہیں ہے بلکہ مہم جوئی سے متعلق کھیلوں میں بھارت کی کوہ پیمائی کے تعلق سے عمدگی اور قیادت کا مظاہرہ کرتا ہے۔

انھوں نے واضح کیا کہ بھارت وزارت دفاع کے تحت مہم جوئی کے کھیلوں کے عالمی میدان اور کوہ پیمائی کے اداروں میں ایک پاور ہاؤس کے طور پر تیزی سے ابھر رہا ہے۔

جناب سیٹھ نے مزید زور دیا کہ کوہ پیمائی کے ادارے نوجوانوں کی تربیت اوران کی حوصلہ افزائی میں پیش پیش رہے ہیں اور حقیقی معنوں میں خود انحصاری، لچکداری اور نوجوان ذہنوں میں بے خوف جذبے کو فروغ دینے کے وزیراعظم  نریندر مودی کے ویژن کو اپنایا ہے۔x

## Meity Aadhar Yatra

چار دھام اور ہیم کُند صاحب یاترا 2025 کے لیے آدھار سے متعلق شناخت کا استعمال کرتے ہوئے اب تک ساڑھے سات لاکھ سے عقیدتمندوں نے رجسٹریشن کرایا ہے۔
الیکٹرانکس اور مواصلاتی ٹیکنالوجی کی وزارت نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اس اقدام سے رجسٹریشن کی نقل کو روکنے میں مدد ملے گی اور زیادہ سے زیادہ یاتریوں کو یاترا میں شامل ہونے کا موقع فراہم ہوگا۔ آدھار پر مبنی ڈیجیٹل تصدیق سے رجسٹریشن کا عمل تیز ہوگا اور کاغذی کارروائی میں بھی کمی متوقع ہے۔

آدھار پر مبنی آن لائن رجسٹریشن کے ذریعے حکام یاتریوں کی نقل و حرکت کی نگرانی کر سکیں گے۔ مندروں میں زیادہ بھیڑ بھاڑ سے بچنے کے لیے بہتر منصوبہ بندی کی جا سکے گی۔ خاص طور پر اونچائی والے علاقوں میں موسم سے متعلق معلومات کو بہتر بنایا جا سکے گا۔

آدھار سے منسلک رجسٹریشن سے رہائش، ٹرانسپورٹ، خوراک اور طبّی امداد کی بہتر منصوبہ بندی اور انتظام میں بھی مدد ملے گی، جو رجسٹرڈ یاتریوں کی اصل تعداد پر مبنی ہوگی۔ ساتھ ہی وسائل کے ضیاء اور قلت کو کم کرنے میں بھی مدد ملے گی۔

یہ نظام ہنگامی حالات سے نمٹنے میں مددگار ثابت ہو سکتا ہے، کیونکہ اس سے یاتریوں اور حکام کے درمیان بہتر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔ اتراکھنڈ ٹورزِم ڈولپمنٹ بورڈ UTDB نے اس اہم یاترا کے لیے آدھار پر مبنی رجسٹریشن کا آغاز کیا، جس کا رجسٹریشن 20 مارچ سے شروع ہوا ہے۔ ساتھ ہی آف لائن رجسٹریشن بھی مخصوص مراکز پر دستیاب ہے۔×

## Khelo India Closing Ceremony

کھیلو انڈیا پیرا گیمز 2025 آج شام ایک عظیم الشان تقریب میں اختتام پذیر ہوں گے۔

اسپورٹس اتھارٹی آف انڈیا کے زیرِ اہتمام منعقد ہونے والی اس تقریب میں کھیل اور نوجوانوں کے امور کی وزیر  رکشا نکھل کھڑسے شرکت کریں گی۔

کھیلو انڈیا مشن پہل کے تحت منعقدہ پیرا گیمز نے ہونہار ایتھلیٹس کو اپنے جوہر دکھانے کا پلیٹ فارم فراہم کیا۔ آٹھ دن تک چلی اس چیمپئن شپ کے دوران ایک ہزار 300 سے زیادہ ایتھلیٹس نے 6 کھیلوں میں مسابقہ آرائی کی۔ اِن کھیلوں میں پیرا تیراندازی، پیرا ایتھلیٹکس، پیرا بیڈمنٹن، پیرا پاور لفٹنگ، پیرا نشانے بازی اور پیرا ٹیبل ٹینس شامل رہے۔×

IPL Cricket

IPL ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں، کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے راجستھان رایلس کو آٹھ وکٹ سے ہرا دیا۔ گواہاٹی میں کل رات کھیلے گئے اِس میچ میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ٹاس جیتا اور پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے راجستھان رایلس نے مقررہ 20 اوورس میں 9 وکٹ کے نقصان پر 151 رن بنائے۔

جواب میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے محض 17ویں اوور میں دو وکٹ گنواکر یہ نشانہ حاصل کرلیا۔ Quinton De Kock نے 61 گیندوں میں شاندار 97 رن بنائے اور وہ نائٹ آؤٹ رہے۔

IPL میں آج لکھنو سپر جائنٹس کا مقابلہ سن رائزرس حیدرآباد سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے حیدرآباد میں کھیلا جائے گا۔x

Wrestling

اُردن کے عمان میں جاری سینئر ایشیائی کُشتی چیمپین شپ 2025 کے دوسرے دن بھارتی پہلوانوں کی بہترین کارکردگی کا سلسلہ جاری رہا۔

بھارت کے پہلوان نتیش نے کُل ملک کے لیے دوسرا کانسے کا تمغہ جیتا۔ اِس کے بعد بھارت کے کانسے کے تمغوں کی کُل تعداد 2 ہوگئی ہے۔ اِس سے پہلے سنیل کمار نے مردوں کے 87 کلوگرام زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔ نتیش نے گریکو رومن زمرے میں ترکمانستان کے Amanberdi Agamammedov کو نو۔صفر کے زبردست فرق سے شکست دی۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTSْ

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - شبانہ

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔ اخبار پرتاپ نے مرکزی وزیر جتیندر سنگھ کے اس بیان کو شہ سرخی بنایا ہے کہ ”جوہری توانائی کی پالیسی میں تحفظ سب سے اہم، مودی حکومت“ ”حفاظت سب سے پہلے، جوہری توانائی پیداوار بعد میں“ کے بنیادی اصول کے ساتھ کام کرتی ہے۔ اخبار ملاپ نے چھتیس گڑھ کے سکما میں 9 نکسلیوں کی خود سپردگی سے متعلق خبر کو صفحہئ اول پر جگہ دی ہے۔ اسی اخبار کی ایک اور سرخی ہے منی پور میں پانچ انتہا پسند گرفتار، اسلحہ برآمد۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے مرکزی وزیر نتن گڈکری کے اس بیان کو اہمیت دی ہے کہ ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کا بازار تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ فوج کے لیے، 6 ہزار 900 کروڑ روپئے میں خریدے جائیں گے، جدید ترین توپ سسٹم، ہندوستان ایکسپریس نے اس خبر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

غیر قانونی نقدی کی برآمدگی کا معاملہ، جسٹس یشونت ورما کے خلاف سپریم کورٹ میں عرضی داخل۔ اخبار انقلاب نے اس خبر کو قومی صفحہ پر جگہ دی ہے۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

- اسرائیل نے آسکر ایوارڈ یافتہ فلسطینی فلمساز، ہمدان بلال کو رہا کردیا۔
- افغانستان میں لڑکیوں کی تعلیم پر پابندی، اقوام متحدہ نے خبردار کیا۔
- جنوبی کوریا کے جنگلوں میں لگی آگ سے 19 افراد ہلاک۔
- امریکی جنگی طیاروں کا یمن میں حوثیوں کے اہم ٹھکانوں پر حملہ۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- کوئلے کی وزارت آج نئی دلّی میں تجارتی کوئلہ کانوں کی بارہویں قسط کی نیلامی کا آغاز کرے گی۔

2- خواتین سے متعلق قومی کمیشن ملک کے ہر ضلعے میں شادی سے پہلے کے صلاح و مشورے کے مرکز قائم کرے گا۔

3- بہار کے NDA ممبرانِ پارلیمنٹ نے ریاست میں آئندہ اسمبلی انتخابات پر تبادلہئ خیال کرنے کے لیے نئی دلّی میں میٹنگ کی۔

4- وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے کہا ہے کہ بھارت اور چین 2020 کی گلوان وادی جھڑپوں کے سبب خراب ہوئے تعلقات کو بحال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

5- بھارتی محکمۂ موسمیات نے آج جموں و کشمیر میں شدید بارش اور برفباری کی پیشگوئی کی ہے۔ ہماچل پردیش، اتراکھنڈ اور پنجاب میں بھی شدید بارش ہونے کا امکان ہے۔

6- اور کھیلو انڈیا پیراگیمز 2025 آج شام نئی دلّی میں ایک شاندار تقریب کے ساتھ اختتام پذیر ہوں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔